روزنامہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 31 اکتوبر 2002ء، 24 شعبان 1423 ہجری-31 اخاء 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 249

## زبان ذکر الٰہی سے تر رہے

حضرت عبداللہ بن بسرؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کی- یا رسول اللہ دین کے حکم زیادہ ہو گئے ہیں- مجھے کوئی ایسی بات بتایئے جس پر میں کاربند ہو جاؤں- حضور ﷺ نے فرمایا تیری زبان ہمیشہ ذکر الٰہی سے تر رہے-

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فضل الذکر حدیث نمبر 3297)

# حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع

## احباب جماعت نوافل، دعاؤں اور صدقات کی طرف غیر معمولی توجہ دیں

ربوہ: 30- اکتوبر 2002ء- حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تحریر فرماتے ہیں:-

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 29- اکتوبر 2002ء کو ہسپتال میں داخل ہوئے جہاں ڈاکٹر صاحبان نے تفصیلی معائنہ کیا اور اس نتیجہ پر پہنچے کہ خون کی نالی کو کھولنے کیلئے آپریشن ضروری ہے- یہ آپریشن آج 30- اکتوبر کو لندن کے وقت کے مطابق شام چھ بجے ہوگا- انشاء اللہ

حضور انور کی عمومی کمزوری کے پیش نظر کچھ پیچیدگی کا خطرہ بھی ہے- احباب درد دل سے دعا کریں کہ وہ شافی خدا ڈاکٹر کے ہاتھ میں بہترین شفاء رکھے- ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے اور معجزانہ طور پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو شفاء کاملہ و عاجلہ اور کام کرنے والی لمبی زندگی عطا فرمائے- آمین

ان دنوں میں خاص طور پر نوافل صدقات اور دعاؤں پر بہت زیادہ زور دیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہماری عاجزانہ دعاؤں کو قبول فرمائے- آمین

## حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی زبان میں منظوم دعا

وہ محبوب تیرا ہمارا خلیفہ بہت دن سے بیمار ہے اب شفا دے
گھرے ہیں جو بادل یہ پھٹ جائیں سارے ہوائیں تو رحمت کی اپنی چلا دے
کرم سے انہیں تندرستی عطا کر بلائیں ٹلیں اور خوشیاں دکھا دے

(درعدن)

غیر محدود علوم کے سرچشمہ قرآن کریم میں سے ہر روز نئے سے نئے علوم نکالتے رہیں-
(حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

## نمایاں کامیابی

مکرمہ عائشہ علی صاحبہ بنت کرنل ڈاکٹر محمد علی خان صاحب جو کہ مکرم شمس الدین خان صاحب مرحوم سابق امیر جماعت ہائے صوبہ سرحد کی نواسی ہیں نے جنرل سائنس گروپ / کمپیوٹرز میں F.Sc کے امتحان سال 2002ء میں 852/1100 نمبر لے کر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد میں اپنے گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہے- دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو مزید اعلیٰ دینی و دنیاوی ترقیات عطا فرمائے-

## ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ویکسین

## اور آخری ٹیکہ (بوسٹر ڈوز)

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مورخہ 5 نومبر 2002ء بروز منگل بوقت 00-9 بجے صبح تا 00-4 بجے شام ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کیلئے انجکشن لگائے جا رہے ہیں- اس کے علاوہ پچھلے سال نومبر 2001ء کو لگنے والی ویکسین کی Booster Dose کا آخری ٹیکہ بھی لگایا جا رہا ہے اگر آخری ٹیکہ نہ لگوایا گیا تو پچھلے تمام ٹیکوں کا اثر زائل ہو جائے گا- احباب سے گزارش ہے کہ وہ استفادہ کیلئے تشریف لائیں- اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ فضل عمر ہسپتال سے رابطہ کریں-

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## ضرورت سیکیورٹی گارڈز

جماعت احمدیہ اسلام آباد کو سیکیورٹی گارڈز کی فوری ضرورت ہے- اسلحہ لائسنس ہولڈرز ریٹائرڈ فوجی حضرات کو ترجیح دی جائے گی- درخواست مقامی جماعت کے صدر / امیر سے تصدیق کروا کر بھجوائیں- معقول تنخواہ اور رہائش فراہم کی جائے گی-

(امیر جماعت احمدیہ اسلام آباد)

# تاریخ احمدیت منزل بہ منزل

مرتبہ ابن رشید

## دین اور انسانیت کی خدمت کا سفر

## 1947ء ①

جنوری چوہدری محمد شریف صاحب مربی فلسطین نے پیٹری آرک آف انطاکیہ اور فلسطین اور شام کے پیٹری آرکوں اور بشپوں کو چیلنج دیا کہ وہ صداقت دین پر ان سے مناظرہ کرلیں۔ مگر کوئی مقابل پر نہ آیا۔

25 فروری حضور کو عالم رویا میں پنجاب میں آئندہ ہونے والے فسادات کی خبر دی گئی۔ اگلے ماہ یہ فسادات پوری شدت کے ساتھ بھڑک اٹھے۔

25 فروری حضور نے رویا کے نتیجہ میں آئندہ فسادات کے ضمن میں جماعت کو حفاظت مرکز کے سلسلہ میں نمایاں قربانی کرنے کا ارشاد فرمایا۔

28 فروری حضور نے ملکی حالات کے پیش نظر تحریک فرمائی کہ تمام احمدی 20 مارچ سے یکم مئی تک ہر جمعرات کو روزہ رکھیں اور دعاؤں میں مشغول ہو جائیں۔

28 فروری حضرت سیٹھ محمد غوث ہزاروی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی وفات

28 فروری تا 2 مارچ پراونشل ایجوکیشنل ایسوسی ایشن کا دوسرا سالانہ اجلاس قادیان میں منعقد ہوا۔ حضرت مصلح موعود نے منتظمین کی درخواست پر پیغام بھیجا۔

یکم مارچ حضور سفر سندھ کے لئے قادیان سے لاہور تشریف گئے۔

2 مارچ حضور کی لاہور سے بذریعہ کراچی میل روانگی۔ راستہ میں اوکاڑہ، منٹگمری (ساہیوال) ملتان، لودھراں، سمہ سٹہ، بہاولپور، ڈیرہ نواب، خانپور، رحیم یارخان، سکھر، روہڑی وغیرہ سٹیشنوں پر احباب جماعت کی حضور سے ملاقات۔ حضور نے کراچی میں ایک ہفتہ قیام فرمایا۔

2 مارچ یونینسٹ حکومت کے وزیراعلیٰ پنجاب ملک خضر حیات صاحب نے استعفیٰ دے کر پاکستان کا راستہ ہموار کردیا۔ اس عمل میں حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے کلیدی کردار ادا کیا۔

مارچ پنجاب میں خضر وزارت کے استعفیٰ کے بعد کئی علاقوں میں فسادات کی آگ بھڑک اٹھی۔ خصوصاً امرتسر میں 50 ہزار مسلمانوں پر قیامت ٹوٹ پڑی۔ حضور کی ہدایت پر خدام الاحمدیہ کی زیرنگرانی امدادی کیمپ قائم کیا گیا۔ جو کئی ماہ تک اہم خدمات سرانجام دیتا رہا۔ حضور نے 18 ہزار من غلہ کے برابر رقم جمع کرنے کی تحریک فرمائی۔

مارچ فسادات پنجاب کی وجہ سے آغاز مارچ سے قادیان بیرونی علاقوں سے بالکل کٹ گیا حضرت مصلح موعود ان دنوں سندھ میں قیام فرماتھے۔ آپ کو بھجوائے جانے والے بہت کم تار آپ تک پہنچ سکے۔ الفضل کو بھی ترسیل کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے 8 دن کے لئے ایک ورقہ میں بدل دیا گیا۔ تیسرے ہفتے میں حالات وقتی طور پر معمول پر آگئے۔ قادیان میں فسادات کے ابتداء میں ہی تمام مذاہب کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی بنادی گئی تھی جس کی وجہ سے فضا پر سکون رہی۔

5 مارچ حضور نے جماعت کراچی کے عہدیداران کو نصائح فرمائیں

6 مارچ کراچی میں حضور کی مجلس عرفان۔ بہت سے غیر از جماعت کی ملاقاتیں۔ دوپہر کو وزیراعظم سندھ سر غلام حسین ہدایت اللہ کی طرف سے کھانے کی دعوت میں شریک ہوئے۔

8 مارچ حضور نے کراچی میں احمدیہ مرکز دعوت الی اللہ اور بیت الذکر کے لئے زمین کا معائنہ فرمایا۔ رات کو ناصر آباد کے لئے روانگی۔

9 مارچ حضور کی ناصر آباد سندھ میں آمد سٹیٹ کے باغ اور اراضیات کا معائنہ

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## جمعہ یکم نومبر 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-30 a.m | لقاء مع العرب |
| 1-30 a.m | عربی سروس |
| 2-30 a.m | المائدہ |
| 3-45 a.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 4-15 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 5-05 a.m | تلاوت قرآن کریم' درس حدیث' خبریں |
| 6-00 a.m | یسرنا القرآن سیکھیے |
| 6-30 a.m | مجلس عرفان |
| 7-20 a.m | کبڈی ٹورنامنٹ |
| 8-15 a.m | تعارفی پروگرام |
| 91-5 a.m | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم |
| 10-00 a.m | ہومیوپیتھی کلاس |
| 11-20 a.m | تلاوت قرآن کریم' عالمی خبریں |
| 11-45 a.m | لقاء مع العرب |
| 12-45 p.m | سرائیکی سروس |
| 1-35 p.m | مجلس عرفان |
| 2-25 p.m | اسیران نواں کوٹ کا انٹرویو |
| 3-20 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-20 p.m | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم |
| 5-05 p.m | تلاوت قرآن کریم' درس ملفوظات' عالمی خبریں |
| 6-00 p.m | خطبہ جمعہ لائیو |
| 7-00 p.m | بنگلہ ملاقات |
| 8-05 p.m | خطبہ جمعہ ریکارڈنگ |
| 8-20 p.m | فرانسیسی سروس |
| 9-05 p.m | جرمن سروس |
| 10-05 p.m | لقاء مع العرب |

## ہفتہ 2 نومبر 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-10 a.m | عربی سروس |
| 1-10 a.m | یسرنا القرآن سیکھیے |
| 1-40 a.m | مجلس عرفان |
| 2-30 a.m | خطبہ جمعہ |
| 2-40 a.m | جلسہ سالانہ 2002ء |
| 3-25 a.m | درس حدیث |
| 3-40 a.m | ہومیوپیتھی کلاس |
| 5-00 a.m | تلاوت قرآن کریم۔ درس حدیث۔ عالمی خبریں |
| 5-50 a.m | یسرنا القرآن سیکھیے |
| 6-20 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 7-20 a.m | اردو تقریر |
| 8-00 a.m | اردو کلاس |
| 9-15 a.m | کوئز پروگرام |
| 10-00 a.m | ملاقات |
| 11-05 a.m | تلاوت قرآن کریم |
| 11-20 a.m | عالمی خبریں |
| 11-30 a.m | لقاء مع العرب |
| 12-30 p.m | فرانسیسی سروس |
| 1-20 p.m | درس القرآن کلاس |
| 3-05 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-15 p.m | اردو تقریر |
| 5-05 p.m | تلاوت قرآن کریم' درس حدیث' عالمی خبریں |
| 5-50 p.m | اردو کلاس |
| 7-00 p.m | بنگلہ سروس |
| 8-00 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 9-50 p.m | فرانسیسی سروس |
| 9-55 p.m | جرمن سروس |
| 10-55 p.m | لقاء مع العرب |
| 11-55 p.m | عربی سروس |

## اتوار 3 نومبر 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-55 a.m | یسرنا القرآن سیکھیے |
| 1-25 a.m | مجلس سوال و جواب |
| 2-25 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 3-25 a.m | جرمن ملاقات |
| 4-20 a.m | کوئز پروگرام |
| 5-05 a.m | تلاوت قرآن کریم' سیرت النبیؐ' عالمی خبریں |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کلاس |

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر آغا سیف اللہ - پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس -- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# لعل تاباں نمبر 63

مرتبہ: فخر الحق شمس

## ایک مجذوب کا نعرہ حق

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی کا بیان ہے۔
''ایک دفعہ جب حضرت مسیح موعود کپورتھلہ آئے تو یہاں ایک مجذوب فقیر پھرا کرتے تھے۔ اللہ الصمد اللہ الصمد ان کی صدا تھی۔ وہ کچھ بتاشے لے کر حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے حضور کو سلام کرتے ہوئے آپ کے آگے جھک گئے تو حضرت نے ان کی پیٹھ پر ہاتھ رکھا اور وہ خوش ہو کے چلے گئے اور جو لوگ حضرت کی مخالفت کرتے تھے ان کو کہنے لگے کہ یہ شخص تو فوج پلٹن رسالے اور سامان حرب لے کر آیا ہے تم ایسے بے وقوف ہو کہ چارپائیوں کی لکڑیاں لے کر بے ترتیبی کے ساتھ اس کے مقابلے میں شور وغل مچاتے ہو۔''

(بدر 24 جولائی 1913ء ص2)

## آخری لمحات میں پیغام حق

حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے جلسہ سالانہ 1912ء کے موقع پر سنایا کہ آخری دن (25 مئی 1908ء) حضرت مسیح موعود نے ''پیغام صلح'' کا مضمون ختم کیا تو فرمایا کہ آج ہم نے اپنا کام ختم کیا۔ عصر کی نماز میں ایک صاحب نے مباحثہ کا رنگ اختیار کیا۔ آپ اسے بہت سمجھاتے رہے جب اس نے بہت ضد کی تو بالآخر فرمایا ''ہم تو اپنا کام پورا کر چکے ہیں اب تم جاؤ جو تمہارا جی چاہے کرتے پھرو''۔

ہمارا کام تھا وعظ و منادی
سو ہم سب کر چکے واللہ ہادی

(بدر 11-دسمبر 1913ء ص10)

## دعا مقبول ہوئی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا گورنر مقرر فرمایا۔ چند شرپسند عناصر کا ایک گروہ آپ کے خلاف ہو گیا۔ اور آپؓ پر بے بنیاد لغو الزامات لگانے شروع کر دیئے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو مدینہ بلوایا اور ان الزامات کا ذکر کیا کہ آپ کے خلاف بہت سی شکایتیں کی گئی ہیں۔ یہاں تک کہ آپ نماز بھی اچھی طرح نہیں پڑھاتے۔ حضرت سعد نے ان الزامات کا جواب دیتے ہوئے فرمایا جہاں تک نماز کا معاملہ ہے تو

''اللہ کی قسم میں انہیں حضور ﷺ کے طریق پر نماز پڑھایا کرتا تھا اس میں کوئی کمی بیشی نہ کرتا۔ یہاں تک کہ جب میں عشاء کی نماز پڑھاتا تو پہلی دو رکعتوں کو لمبی کرتا اور آخری دو رکعتوں کو مختصر کرتا۔''

اس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا (ذاک الظن بک) میرا تمہارے بارے میں یہی گمان تھا پھر آپ نے شرپسندوں کو بے نقاب کرنے کے لئے آپ کے ساتھ چند صحابہ کو کوفہ بھیجا۔ جو کہ کوفہ کی ہر مسجد میں گئے۔ اور سعد کے بارے میں لوگوں سے استفسار کیا سب نے یک زبان ہو کر آپ کی تعریف کی۔ لیکن جب وہ بنی عبس کی مسجد میں داخل ہوئے تو وہاں ایک شخص اسامہ بن قتادہ نے کھڑے ہو کر جھوٹے الزامات لگائے کہ آپ جہاد کیلئے نہیں نکلتے' مال تقسیم نہیں کرتے' عدل سے فیصلے نہیں کرتے اس پر حضرت سعد نے اپنا معاملہ خدا کے حضور پیش کرتے ہوئے یہ دعا کی کہ

''اے اللہ اگر یہ شخص جھوٹا ہے اور ریا اور تکبر اور شہرت کی خاطر کھڑا ہوا ہے تو اس کی عمر لمبی کر اور اس کی محتاجی کو اور بھی بڑھا دے۔ اور اس کو فتنوں میں مبتلا کر''

یہ دعا مقبول ہوئی۔ بعد میں جب لوگ اس سے پوچھتے تو خود یہ اقرار کرتا کہ میں بوڑھا ہو گیا ہوں۔ اور ابتلاؤں سے دوچار ہوں اس لئے کہ مجھے سعد کی بد دعا لگی ہے۔ بڑھاپے کی وجہ سے اس کی آنکھوں کی پلکیں تک جھڑ گئی تھیں مگر اس وقت بھی وہ گلیوں میں آوازے کستا۔ یوں اس کی خوب رسوائی اور ذلت ہوئی۔ (بخاری کتاب الاذان باب وجوب القراءۃ للامام والماموم)

## سورۃ اخلاص سے محبت

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے سورہ اخلاص سے محبت کے ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:-

''بخاری شریف میں ایک حدیث آئی ہے۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک مرد انصاری مسجد قبا میں امامت نماز کی کرتا تھا۔ نماز پڑھانے کے وقت جب کوئی حصہ قرآن شریف کا پڑھتا تو اس کو سورہ اخلاص کے ساتھ یعنی پہلے سورۃ اخلاص پڑھتا اور بعد اس کے کوئی اور سورۃ یا کوئی حصہ قرآن شریف کا پڑھتا اور ہر رکعت میں وہ ایسا ہی کرتا۔ دوسرے اصحاب اس معاملہ میں اس پر اعتراض کرتے اور کہتے کہ کیا تو دوسری سورتوں کو کافی نہیں سمجھتا کہ اس سورۃ کو بہرحال ساتھ ملا ہی دیتا ہے اور بسا اوقات اسے کہتے کہ تو اس سورۃ کا بار بار ہر رکعت میں پڑھنا چھوڑ دے۔ وہ ہمیشہ یہی جواب دیتا کہ تمہارا اختیار ہے کہ مجھے امام بناؤ یا نہ بناؤ۔ میں تمہاری امامت چھوڑ دیتا ہوں لیکن اس سورہ شریف کا پڑھنا ترک نہیں کر سکتا۔ لوگ اس کو دوسروں سے افضل جانتے تھے اور بہرحال اس کو ہی امام بنانا پسند کرتے تھے۔ اس واسطے یہ جھگڑا اسی طرح سے رہا۔ یہاں تک کہ ایک موقعہ پر آنحضرت ﷺ تک یہ بات پہنچائی گئی۔ آنحضرت ﷺ نے اس کو بلایا اور فرمایا کہ اے فلانے تجھے کون سی بات اس سے مانع ہے کہ تو اپنے ساتھیوں کا کہنا مانے اور ہر رکعت نماز کے اندر تو نے سورہ اخلاص کا پڑھنا کس واسطے اختیار کیا ہے۔ اس نے عرض کی۔ یا رسول اللہ مجھے یہ سورۃ پیاری لگتی ہے تب آنحضرت ﷺ نے فرمایا اس کا پیار کرنا تجھے جنت میں داخل کر دے گا فقط اس کی وجہ یہی ہے کہ اس سورۃ شریف سے محبت کرنا خدا تعالیٰ کی توحید کے ساتھ محبت کرنا ہے۔''

(حقائق الفرقان جلد چہارم ص558)

## سبقت

مکرم شیخ محمد علی صاحب بیان کرتے ہیں۔
ایک مرتبہ میں نماز فجر باجماعت ادا نہ کر سکا۔ تو میں نے نماز گھر پر ہی ادا کی۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد میں کسی کام سے بازار کی طرف آ رہا تھا۔ کہ دارالانوار کے راستہ پر حضرت مولوی شیر علی صاحب مجھے آتے دکھائی دیئے۔ میں نے اپنے دل میں فیصلہ کیا۔ کہ آج تو میں ضرور حضرت مولوی صاحب سے سلام کرنے میں سبقت لے جاؤں گا۔ چنانچہ ابھی میں اپنے اس ارادہ کو عملی جامہ پہنانے کی فکر میں ہی تھا۔ کہ حضرت مولوی صاحب نے حسب دستور کافی فاصلے سے بلند آواز سے ''سلام'' کہا۔ میں نے آگے بڑھ کر مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔ حضرت مولوی صاحب مصافحہ کرتے ہی فرمانے لگے:۔

''شیخ صاحب! اگر انسان نماز باجماعت ادا کرنے سے رہ جائے تو اسے وہ نماز بیت میں ہی ادا کرنی چاہئے۔''

میں حضرت مولوی صاحب کی اس فراست پر حیران رہ گیا۔ کہ کس طرح انہوں نے میرے ذکر کئے بغیر میری اس غفلت کو بھانپ لیا۔

(سیرت شیر علی ص145)

نکال دے میرے دل سے خیال غیروں کا
محبت اپنی مرے دل میں ڈال دے پیارے

(کلام محمود)

# ملکی خبریں

ملکی ذرائع ابلاغ سے

**ربوہ میں طلوع وغروب**

| | | | |
|---|---|---|---|
| جمعرات | 31-اکتوبر | زوال آفتاب | 11-62 |
| جمعرات | 31-اکتوبر | غروب آفتاب | 5-22 |
| جمعہ | یکم نومبر | طلوع فجر | 5-00 |
| جمعہ | یکم نومبر | طلوع آفتاب | 6-22 |

## پہلے خواتین نشستوں کا فیصلہ پھر پارلیمنٹ کا اجلاس

جنرل مشرف نے کہا ہے کہ ملک میں جاری سیاسی عمل میں حکومت کا کوئی کردار نہیں ہے- انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں حکومت سازی کے لئے آپس میں مذاکرات کر رہی ہیں- انہوں نے واضح کیا کہ پہلے خواتین نشستوں کا فیصلہ ہوگا اس کے بعد پارلیمنٹ کا اجلاس ہوگا- یہ غلط ہے کہ حکومت کی طرف سے نومنتخب پارلیمنٹ کے پہلے اجلاس میں تاخیر کی جارہی ہے-

## صدر مشرف کی سعودی ولی عہد سے ملاقات-

صدر جنرل مشرف نے سعودی عرب پہنچنے کے بعد ولی عہد شہزادہ عبداللہ بن عبدالعزیز سے تفصیلی مذاکرات کیے- سرکاری ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ امور' جنوبی ایشیا' مشرق وسطیٰ اور عالمی ایشوز پر گفتگو کی ہے دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے درمیان گہرے روابط پر اطمینان ظاہر کیا-

## پاکستان مادی وسائل سے مالا مال ہے-

وفاقی وزیر تجارت وصنعت نے کہا ہے کہ آسیان کے رکن ممالک کو باہمی تعاون کے فروغ پر بھرپور توجہ دینی چاہئے اور ان ممالک کے عوام کے مفاد اور بہتری کے لئے سائنس اور ٹیکنالوجی کو زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر انداز میں استعمال کرنا چاہئے- ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں تین روزہ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا- انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آسیان کے رکن ممالک مادی وسائل سے مالا مال ہیں-

## اکثریتی پارٹیوں کو حکومت سازی کا موقع-

حکومت نے مرکز اور چاروں صوبوں میں اکثریتی پارٹیوں کو حکومت سازی کا موقع دینے کا اصولی فیصلہ کیا ہے- اس ضمن میں صدر مشرف نے اپنے قریبی ساتھیوں اور دیگر اعلیٰ حکام سے مشاورت کے بعد حکومت سازی کرنے والی سیاسی جماعتوں کو گرین سگنل دے دیا ہے-

## اب کشکول اٹھانے کی ضرورت نہیں

-وزیر خزانہ شوکت عزیز نے کہا کہ ہم نے پاکستان کی معاشی بنیادیں مضبوط کردی ہیں اب کشکول اٹھانے کی ضرورت نہیں- حکومت کے اقدامات سے روپیہ مضبوط ہوا- ملکی معیشت مضبوط ہورہی ہے- زرمبادلہ کے ذخائر استعمال میں لانے کے لئے سٹیٹ بنک جائزہ لے رہا ہے-

## عام انتخابات ہارنے والے سینٹ کا الیکشن نہیں لڑ سکیں گے

-الیکشن آرڈر میں ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے جس کے مطابق قومی وصوبائی اسمبلیوں کا الیکشن ہارنے والے امیدوار سینٹ کا الیکشن نہیں لڑسکیں گے- یہ نوٹیفکیشن گزٹ آف پاکستان میں شامل کردیا گیا ہے- صدر مملکت جنرل مشرف کے حکم پر الیکشن آرڈر میں کی جانے والی اس ترمیم کی وجہ سے پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر میاں اظہر' سیدہ عابدہ حسین' سید فخر امام' جاوید جبار' ظفر الحق' منور حسن اور جہانگیر بدر جیسے تمام امیدواروں پر سینٹ کا الیکشن لڑنے پر پابندی عائد کردی گئی ہے-


خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
1953
خالص سونے کے اعلیٰ زیورات کا مرکز
شریف جیولرز ربوہ
* ریلوے روڈ فون - 214750
* اقصیٰ روڈ فون - 2125 5
SHARIF JEWELLERS

پکوان مرکز
ہر قسم کی تقریبات کیلئے عمدہ اور لذیذ کھانے تیار کروائیں رابطہ کریں اور وقت بچائیں-
گوندل ٹینٹ اینڈ کیٹرنگ سروس
گولبازار ربوہ فون 212758

With New Digital Technology
UNIVERSAL VOLTAGE STABLIZERS






UNIVERSAL® TRADEMARK
Voltage Stabilizers/regulators for fridge, freezer computer, fax, dish antenna, photocopy machine air conditioned.
DC/AC Invertor UPS, 300W, 500W, 650W, 1000W
® Regd:77396,113314 © Copy Right:4851,4938,5562,5563,5046 Ⓓ Design Regd:6439
Dealer: Hassan Traders Opposite Blood Bank Rabwah